# شرائط برائے ٹھیکہ لوکل ٹیکس سروسز TMA لاہور

## برائے ایک سال 2026-27

1۔ ٹھیکہ لوکل ٹیکس سروسز کی نیلامی بذریعہ کھلی بولی E-Baldia برائے ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 ہوگی۔

2۔ بولی میں صرف لوکل کونسل بورڈ پشاور صوبہ خیبر پختونخوا کے منظور شدہ ٹھیکیداران برائے سال 2026-27 لے سکتے ہیں۔ جبکہ TMA لاہور یا محکمہ لوکل گورنمنٹ خیبر پختونخوا پشاور کا بقایادار یا اسکا نمائندہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔ جسمانی یا ذہنی طور معذور افراد بولی میں حصہ نہیں لے سکتے۔

3۔ بولی دہندہ بولی دینے سے قبل مبلغ 15,32,000/ روپیہ زربیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ بنام تحصیل میونسپل آفیسر لاہور بمطابق تفصیل درجہ ذیل بنوا کر محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا کی ویب سائٹ (eBaldia.https://cfmis.lgkp.gov.pk) پر آن لائن بولی میں حصہ لینے کے مجاز ہونگے شرائط نیلام دفتری اوقات کار میں تحصیل آفیسر ریگولیشن لاہور یا او پر دی گئی ویب سائٹ پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ کامیاب بولی دہندہ کی آفر 10% انکریز کے برابر یا زیادہ ہو جائے تو مقررہ وقت ختم ہونے کے اگلے 3 دن کے اندر دفتری اوقات کار میں 5% زرضمانت اور 15% زربیعانہ کی رقم جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائیگی اور جمع شدہ رقم بحق ٹی ایم اے لاہور ضبط کی جائیگی مزید براں صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) کو پہلے سے جمع شدہ سیکیورٹی ضبط کرنے کی سفارش کی جائیگی اور ساتھ میں ٹھیکیدار کو بلیک لسٹ کیا جائیگا۔

4۔ ٹھیکیدار جب ٹھیکہ کی کل مالیت کا 20% رقم (سیکیورٹی بمعہ ایڈوانس) رقم جمع کرے تو ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کا چارج حوالہ کیا جائیگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ 3 دن کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں 5% زرضمانت اور 15% زربیعانہ کی رقم ٹی ایم اے لاہور کے فنڈ میں جمع کرانے کا پابند ہوگا کل زر بولی کی رقم ٹھیکیدار (گیارہ) برابر ماہوار اقساط میں ماہ بہ ماہ ہر ماہ کی آخری تاریخ تک ٹی ایم اے لاہور کے پاس جمع کرے گا یعنی پہلی قسط 31 جولائی 2026 کو جبکہ آخری قسط 31 مئی 2027 کو جمع کرنی ہوگی۔ اگر مقررتاریخ کو دفتر ہذا کی تعطیل ہو تو جس دن بھی دفتر کھلے ٹھیکیدار قسط ادا کرنے کا پابند ہوگا اگر ٹھیکیدار مقررہ تاریخ پر قسط ادا کرنے سے قاصر رہا تو اگلے ماہ کی 10 تاریخ تک ہر حالت میں قسط بمعہ 02% یومیہ جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہوگا لیکن اگر وہ مقررہ آخری تاریخ پر بھی قسط ادا کرنے سے قاصر رہا تو ٹی ایم اے لاہور کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ٹھیکیدار کی مدخلہ زرضمانت وزرپیشگی بحق ٹی ایم اے لاہور ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کردے اور اسکا انتظام خود سنبھال لے یا دوبارہ نیلام کر کے کسی دوسرے ٹھیکیدار کے حوالہ کردے دونوں صورتوں میں مالی خسارہ یا نقصان کی ذمہ داری ٹھیکیدار نا کام شدہ پر ہوگی جو اسکی ذات وجائیداد اور ضامنان سے وصول کی جائے گی۔

6۔ ٹھیکیدار ٹی ایم اے لاہور کے منظور شدہ شرح / شیڈول کے عین مطابق تحصیل لاہور کے حدود میں ٹیکس وصول کرنے کا پابند ہوگا اور شیڈول میں کسی قسم کے ردوبدل کا حقدار نہیں ہوگا۔ اگر دوران ٹھیکہ حکومت کیطرف سے شیڈول میں کمی کی گئی تو اسی مناسبت سے ٹھیکہ کی رقم میں کمی کی جائیگی لیکن اگر شیڈول میں اضافہ کیا گیا تو اس اضافے سے حاصل ہونے والی اضافی رقم کی حقدار TMA لاہور ہوگی۔ یا بعد منظوری مجاز اتھارٹی ٹھیکہ کی رقم میں اسی مناسبت سے اضافہ کیا جائے گا۔

| نمبر شمار | شیڈول ریٹ | فیس داخلہ |
|---|---|---|
| 01 | ٹرک ڈبل (ڈمپر) | 300/ روپیہ فی ٹرپ |
| 02 | ٹرک (سنگل) | 200/ روپیہ فی ٹرپ |
| 03 | ٹریکٹر ٹرالی (بڑا) | 100/ روپیہ فی ٹرپ |

| | | |
|---|---|---|
| 04 | ٹریکٹرٹرالی (چھوٹا) | 50/روپیہ فی ٹرپ |

7۔ ٹھیکیدار ٹی ایم اے لاہور کے مختص شدہ مقامات (جہاں سے ریت کی جاری ہو) تو وہاں سے لوکل ٹیکس سروسز کو وصول کرنے کا پابند ہوگا، اور اگر ٹھیکیدار نے مقررہ شیڈول ریٹ سے زیادہ ٹیکس وصول کی تو اسکے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی جسمیں ٹھیکہ کی منسوخی بھی شامل ہے اگر دوران ٹھیکہ شیڈول میں کمی کی گئی تو اُسی مناسبت سے ٹھیکہ کی رقم میں کمی کی جائیگی لیکن اگر شیڈول میں اضافہ کیا گیا تو اس اضافہ سے حاصل ہونے والی اضافی رقم کی حقدار TMA لاہور ہوگی۔ یا بعد منظوری مجاز اتھارٹی ٹھیکہ کی رقم میں اسی مناسبت سے اضافہ کیا جائیگا۔

8۔ کسی بھی قسم کی ارضی یا سماوی آفات یا کسی بھی قسم کی ہڑتال وغیرہ کی صورت میں ٹھیکیدار کسی بھی قسم کی مجرائی کا حقدار نہیں ہوگا نہ اسکے لئے درخواست دیگا۔

9۔ ٹھیکیدار ٹھیکہ خود چلائیگا اور کسی دوسرے کو شکمی ٹھیکہ پر نہیں دیگا۔

10۔ اگر کوئی شخص فیس کی ادائیگی سے انکار کرے تو ٹھیکیدار اس شخص کے جملہ کوائف کیساتھ TMA لاہور کو تحریری رپورٹ پیش کریگا اور TMA لاہور ایسے شخص کیخلاف برطابق قانون کاروائی عمل میں لائیگی لیکن ایسے کسی بھی صورت میں ٹھیکیدار مجاز نہیں ہوگا کہ وہ TMA لاہور کے واجب الادا اقساط روک لے۔

11۔ ٹھیکیدار ٹیکس وصولی کی عملہ کیلئے جگہ کا انتظام خود کریگا اسلئے ٹھیکیدار اس ضمن میں TMA لاہور سے کسی قسم کے مطالبے کا حقدار نہیں ہوگا۔

12۔ اگر دوران ٹھیکہ ٹھیکیدار کی ذاتی رنجش یا کسی اور وجہ سے فساد برپا ہونے کا اندیشہ ہو جسکی وجہ سے آمدن کی ساکھ متاثر ہوتی ہو تو اسکی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی اور وہ TMA لاہور سے کسی قسم کی رعایت لینے کا حقدار نہیں ہوگا۔

13۔ اگر فریقین کے درمیان کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہو جائے تو فیصلہ تحصیل کونسل لاہور کریگا ناکامی کی صورت میں معاملہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پشاور کو ارسال کیا جائیگا جسکا فیصلہ حتمی ہوگا۔ جو دونوں فریقین کیلئے قابل قبول ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

14۔ ٹھیکیدار حکومتی احکامات کیمطابق کل زر بولی پر حکومتی قوانین کیمطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا اگر بدوران ٹھیکہ وفاقی یا صوبائی حکومت کیطرف سے کسی قسم کا کوئی نیا ٹیکس عائد کیا گیا تو اسکی ادائیگی کا بھی ٹھیکیدار پابند و ذمہ دار ہوگا۔

15۔ چونکہ لوکل ٹیکس سروسز TMA لاہور کا نیا نافذ شدہ ٹیکس اور آمدنی ہے لہذا کامیاب بولی دہندہ جملہ وصول کا خود ذمہ دار ہوگا۔

16۔ تحصیل میونسپل آفیسر لاہور، تحصیل آفیسر ریگولیشن لاہور یا انکے مجاز نمائندے کسی بھی وقت لوکل ٹیکس سروس کا معائنہ کرسکتے ہیں جس پر ٹھیکیدار معترض نہ ہوگا اگر دوران چیکنگ کوئی بے قاعدگی نوٹ کی گئی تو ٹھیکیدار کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی کی جائیگی اور اگر وہ بار بار قانون کی خلاف ورزی کا مرتکب پایا گیا تو TMA لاہور کو اختیار ہوگا کہ وہ ٹھیکیدار کی مدخلہ زرضمانت و زرپیشگی بحق TMA لاہور ضبط کرکے ٹھیکہ اپنے تحویل میں لے یا دوبارہ نیلام کرکے کسی دوسرے ٹھیکیدار کے حوالہ کردے دونوں صورتوں میں جملہ خسارے کی ذمہ داری ٹھیکیدار اول الذکر پر ہوگی۔ جو کہ اسکے ذات وجائیداد اور ضامنان سے وصول کی جائیگی۔

17۔ ٹھیکہ لوکل ٹیکس سروسز سے متصل لیز کا دورانیہ محکمہ معدنیات کی طرف سے ہوتا ہے۔ لیز کا دورانیہ ختم ہونے پر متعلقہ کیس ریجنل میونسپل آفیسر مردان ریجن مردان کو ارسال کیا جائیگا جسکا فیصلہ حتمی ہوگا۔ جو دونوں فریقین کیلئے قابل قبول ہوگا۔

18۔ درجہ بالا معاہدہ کی کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں کاروائی خلاف ورزی کرنیوالے کے خلاف عمل میں لائی جائیگی۔ ٹھیکیدار حکومت کی طرف سے جاری شدہ مراسلہ بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07/05/2026 کا مکمل طور پر پابند رہیگا۔

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاہور

تحصیل میونسپل آفیسر
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لاہور

CamScanner

